# 25-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔انٹرمیڈیٹ سال اول کے امتحانات میں آج پہلے دن 96 فیصد سے زائد طلبہ نے شرکت کی۔
انٹرمیڈیٹ بورڈ نے کہا ہے کہ ریاست بھر میں امتحانات کا پرامن انعقاد جاری ہے۔

۲۔کے ٹی آر نے موضع کومیرا میں دو سالہ شیر خوار کے بہیمانہ قتل کے ذمہ داروں کو فوری گرفتار کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے اس واقعہ کو نا قابل بیان اور سماج کیلئے ایک بڑا دھبا قرار دیا۔

۳۔اڈوب کے سی ای او شانتا نو نارائن نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔دونوں نے تلنگانہ کو گلوبل مینوفیکچرنگ مرکز بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔

۴۔وزیر اعظم نریندر مودی دو روزہ سرکاری دورہ پر آج تل ابیب پہنچے جہاں ان کا گرم جوشانہ خیر مقدم کیا گیا۔

RAMCHANDER:

تلنگانہ کے ریاستی بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے آج کہا ہے کہ عوام کی بڑی تعداد خاص طور پر نوجوان طبقہ بی جے پی میں شامل ہو رہا ہے جو ہماری پارٹی کے تعلق سے عوام کے بڑھتے بھروسہ کا اظہار ہے۔پارٹی سربراہ اور دیگر سینئر لیڈرس کی موجودگی میں آج وکلاء، بی آر ایس اور یوتھ کانگریس لیڈرس نے بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔اس موقع پر راؤ نے ان سب کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ افراد وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت اچھی حکمرانی سے متاثر ہو کر پارٹی میں آئے ہیں۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ عوام یہ سمجھتے ہیں کہ بی جے پی ہی ملک کی تہذیب، اتحاد اور دھرم کی حفاظت کر سکتی ہے۔

INTERMEDIATE:

تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن نے کہا ہے کہ آج انٹر سال اول امتحان کے تحت زبانی دوم کے پرچہ اول کا کامیاب انعقاد عمل میں آیا۔ 5 لاکھ 14 ہزار 598 رجسٹرڈ امیدواروں کے منجملہ 4 لاکھ 98 ہزار 695 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ ہزاری کا تناسب 96.90 فیصد رہا جبکہ 15 ہزار 903 طلبہ غیر حاضر رہے۔ امتحانات میں پرچہ سوالات کا سٹ 'بی' استعمال کیا گیا جبکہ کوئی نقل نویسی کا واقعہ پیش نہیں آیا۔ امتحانات کے پرامن انعقاد کیلئے مختلف اضلاع بشمول حیدرآباد، رنگاریڈی، ورنگل اور کھمم میں مبصرین کو مقرر کیا گیا ہے۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے مطالبہ کیا ہے کہ کانگریس حکومت، کومیرا موضع میں دو ماہ کے شیر خوار کے المناک قتل کے تمام ذمہ داروں کو گرفتار کرے اور مہلوک کے افرادِ خاندان کو ایک کروڑ روپے معاوضہ دیا جائے۔ کے ٹی آر نے آج ناگر کرنول پہنچ کر متاثرہ خاندان کے سے ملاقات کی۔ انہوں نے اِس واقعہ کو ناقابل بیان قرار دیتے ہوئے اسے سماج کیلئے ایک بڑ د ھبہ قرار دیا۔ کے ٹی آر نے اعلان کیا کہ بی آر ایس پارٹی کی جانب سے فوری طور پر ایک لاکھ روپے مالی مدد کی جائے گی اور متاثرہ فیملی کیلئے 10 لاکھ روپے پر مشتمل مکان تعمیر کیا جائے گا۔ انہوں نے سوال کیا کہ سماج میں عوام کی کیا حفاظت ہو رہی ہے جبکہ پولیس پر تنقید کی کہ وہ متاثرہ فیملی کی مدد کرنے میں ناکام رہی ہے۔ کے ٹی آر نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور مقامی نمائندوں پر زور دیا کہ خاطیوں کے خلاف سخت کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔ اس کے علاوہ کے ٹی آر نے پارٹی کے سینئر لیڈرس کے ساتھ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو بھی خراج پیش کیا۔

BHADRADRI:

بھدرادری کوتہ گوڑم ڈسٹرکٹ ہارٹیکلچر اینڈ سیری کلچر آفیسر کشور نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے نامیاتی فصلوں کیلئے خصوصی سبسیڈی دینے کا اعلان کیا ہے تاکہ کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہو اور قدرتی زراعت کو فروغ مل سکے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ اِس اقدام کا بنیادی مقصد کیمیائی کھاد کے استعمال کو کم کرنا اور نامیاتی زراعت کو فروغ دینا ہے۔ عہدیداروں کے مطابق حکومت کی جانب سے اِس سلسلہ میں 8 ہزار روپے سبسیڈی دی جارہی ہے جبکہ یونٹس کے قیام کیلئے 50 ہزار روپے تک دئے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انفرادی کسان، کسان گروپس یا کسانوں کی تنظیمیں اِن یونٹس کو قائم کرنے کی اہل ہوں گی۔

NIRMAL:

نرمل کی ضلع سپرنٹنڈنٹ آف پولیس جانکی شرملا نے آرائیو۔ آلائیو۔ 2026 پروگرام کے دوران گاڑی چلانے والوں پر روڈ سیفٹی قواعد کی سختی کے ساتھ پاسداری پر زور دیا ہے۔ اِس پروگرام کے تحت سڑک حادثات کی روک تھام کیلئے بھینسہ ٹاؤن میں بس ڈپو کے قریب ایک انتباہی بورڈ لگایا گیا ہے۔ ایس پی نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد مذکورہ علاقہ میں واقع برج پر پیش آیا ایک المناک حادثہ ہے جس میں 4 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام موٹر چلانے والوں کیلئے شعور بیداری مہم چلائی گئی تاکہ وہ اپنی حفاظت کیلئے ہیلمٹ پہنیں۔ جانکی شرملا نے عوام پر زور دیا کہ ضلع کو سڑک حادثات سے پاک بنانے کے لئے محکمہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔

RAJANNA SIRCILLA:

راجنا سرسلہ کے ایڈیشنل کلکٹر گڈم ناگیش نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ نشہ آور اشیاء کے نقصانات کے تعلق سے شدت کے ساتھ مہم چلائی جائے۔ایڈیشنل ایس پی چندریا کے ساتھ منعقدہ ایک ضلع سطحی میٹنگ کے دوران انہوں نے ضلع میں نشیلی ادویہ کے خلاف جاری اقدامات کا جائزہ لیا۔ایڈیشنل کلکٹر نے محکمہ صحت کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ نشہ آور دواؤں کے عادی افراد کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے مناسب علاج کو یقینی بنایا جائے۔

SRIHARI:

اسٹیشن گھن پور کے ایم ایل اے وسابق نائب وزیراعلیٰ کڈیم سری ہری نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت،قبائلی علاقوں کی ترقی کیلئے سنجیدہ ہے۔12 کروڑ روپے کی لاگت سے بی ٹی روڈ کے تعمیری کاموں کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپنے انتخاب کے بعد سے انہوں نے اب تک رگھوناتھ پلی منڈل میں واقع تمام قبائلی علاقوں میں 30 کروڑ روپے کی لاگت سے سڑکیں تعمیر کرائی ہیں۔انہوں نے پچھلی حکومت کے ذمہ داروں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ان علاقوں کو نظر انداز کر دیا تھا۔سری ہری نے مزید کہا کہ ماباقی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر کیلئے ٹنڈرس طلب کئے گئے ہیں۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کسم بائی تانڈا سے یپلا گڈا تانڈا تک سڑک اور برج کی تعمیر کیلئے فوری طور پر منصوبہ بنایا جائے۔اِس موقع پر ضلع لائبریری چیرمین رام بابو اور مقامی لیڈرس بھی موجود تھے۔

CM-ADOBE:

اڈوب کے سی ای او، وتلنگانہ رائزنگ 2047ء ویژن بورڈ ممبر شانتانو نارائن نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی اور تلنگانہ کو گلوبل مینوفیکچرنگ مرکز میں تبدیل کرنے کے تحت بات چیت کی۔ وزیراعلیٰ کی رہائش گاہ پر ہوئی اس میٹنگ کے دوران لیڈرس نے بین الاقوامی سرمایہ کاری کے رجحانات کو بیان کیا اور ریاست میں دستیاب سہولتوں پر بات کی۔ میٹنگ کے دوران گلوبل مینوفیکچرنگ، گرین انرجی اور مصنوعی ذہانت کے ملازمت اور افرادی قوت پر پڑنے والے اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے اِس عزم کا اظہار کیا کہ اختراعی منصوبوں کے ذریعہ عالمی سرمایہ کاروں کو راغب کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ انہوں نے نارائن سے اے آئی کے معیشت پر پڑنے والے اثرات اور اس کے مستقبل کے تعلق سے بھی تفصیلات حاصل کی۔

NCERT:

سپریم کورٹ نے آج 8ویں جماعت کی این سی ای آرٹی کی درسی کتاب میں عدلیہ میں بدعنوانی سے متعلق حوالوں پر از خود نوٹس لیتے ہوئے اسے انتہائی سنگین معاملہ قرار دیا ہے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی میں جسٹس جوئے مالیا باگچی اور جسٹس وپل ایم پنچولی پر مشتمل بنچ نے اس معاملے کا نوٹس لیا۔ سینئر وکیل کپل سبل نے عدالت کے روبرو ذکر کیا کہ آٹھویں جماعت کے طلبہ کو عدلیہ میں بدعنوانی کے بارے میں پڑھایا جا رہا ہے، جو انتہائی تشویش ناک ہے۔ جسٹس باگچی نے ریمارکس دیے کہ یہ مواد دستور کے بنیادی ڈھانچے کے منافی معلوم ہوتا ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ بار اور بنچ دونوں اس معاملے پر مضطرب ہیں، جبکہ ہائی کورٹ کے جج صاحبان میں بھی بے چینی پائی جا رہی ہے۔ بنچ نے واضح کیا کہ وہ کسی کو بھی ادارے کی بدنامی کی اجازت نہیں دے گی۔

ASIFABAD

آصف آباد کی ضلع کلکٹر کے ہریتھا نے داناپور میں منعقدہ ایک بیداری پروگرام کے دوران ریاستی حکومت کے جامع اراضی سروے کے لیےعوامی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے ریونیواورمحکمہ جنگلات کے افسران کے ہمراہ بتایا کہ اس سروے کا مقصد زمین کی درست حد بندی اورسرکاری اراضی کی نشاندہی کرنا ہے تاکہ مستقبل کے بنیادی ڈھانچے کےمنصوبوں میں آسانی ہو۔انہوں نے وضاحت کی کہ محکمہ جنگلات کےافسران جنگلاتی علاقوں کی حد بندی کے لیے شامل کیے گئے ہیں۔ضلع کلکٹر نے یقین دہانی کرائی کہ سروے کے دوران پیدا ہونے والے معمولی اختلافات یا مسائل کوضلعی سطح پر ہی حل کیا جائے گا تاکہ عمل شفاف اور ہموار انداز میں مکمل ہوسکے۔

NALLAKANNU

رکن اسمبلی سامبا شیوا راؤ نے بزرگ کمیونسٹ رہنما اور ممتاز مجاہد آزادی کامریڈ آر نلاکنو کی موت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ وہ آج چنئی کے راجیو گاندھی گورنمنٹ اسپتال میں چل بسے۔سامبا شیوا راؤ نے کہا کہ یہ نقصان کمیونسٹ پارٹی اور ریاست تمل ناڈو دونوں کے لیے ناقابل تلافی ہے۔1925 میں پیدا ہونے والے نلاکنو نے برطانوی اقتدار کے خلاف تحریکِ آزادی میں تاریخی کردار ادا کیا۔ مارکسی-لینینی نظریات سے متاثر ہوکر انہوں نے اپنی زندگی طبقاتی اورذات پات کے امتیاز کے خلاف جدوجہد اورعوامی مسائل کی وکالت کے لیے وقف کر دی۔عوام انہیں محبت سے تمل ناڈو کے گاندھی کے نام سے یاد کرتے تھے۔سمبا سیوا راؤ نے کہا کہ عوام اس عظیم شخصیت کی موت کے صدمے سے اب تک نہیں سنبھل پائے ہیں۔

PM-ISRAEL

وزیر اعظم نریندر مودی آج دو روزہ دورے پر تل ابیب پہنچ گئے۔ یہ ان کا اسرائیل کا دوسرا سرکاری دورہ ہے جس کا مقصد دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ دورے کے دوران وزیر اعظم مودی اور ان کے اسرائیلی ہم منصب بنجامن نتن یاہو، ہندوستان۔اسرائیل اسٹریٹجک شراکت داری میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیں گے۔ بات چیت میں دفاع، اختراع، زراعت اور آبی وسائل کے انتظام سمیت مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔اس کے علاوہ عالمی امور پر بھی گفتگو کی جائے گی۔

MANDAVIYA:

مزدور اور روزگار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ حکومت، پلیٹ فارم ورکرس کو تمام تر سہولتیں فراہم کرنے کیلئے پوری طرح پرعزم ہے جس میں انہیں محفوظ اور کام کا بہتر ماحول ملے گا۔ انہوں نے یہ بات نئی دہلی میں پلیٹ فارم کانفرنس کے تعلق سے منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے آج کی ڈیجیٹل ایج، گگ معیشت کو اجاگر کرتے ہوئے کروڑہا نوجوانوں، خواتین اور معذورین کیلئے دستیاب نئے مواقع کا تذکرہ کیا۔

○○